لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۳ رجب المرجب سنہ ۱۳۴۴ھ مطابق ۱۸ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء	نمبر ۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بابت داخلہ برآورد و قبل از وصول بخشیگری	۱ و ۲
۲	اخراج اسم مختار عام	۲
۳	رخصت کپتان واحد علی خان صاحب	″
۴	″ نائب تحصیلدار بلاسپور	″
۵	موقوفی مختار عام	″
	نقشہ زچخانہ اجلاس و [illegible] وغیرہ میونسپلٹی	۰

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۴ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

اکثر صیغون سے خلاف طریقہ مجریہ تنخواہ کی برآوردین تاخیر کے ساتھ مرتب ہونے کے باعث بخشیگری مین جانچ و تیاری کے لیے بہت کم وقت ملتا ہے اور ختم ماہ پر اجلاس ہمایون مین بھی بڑی کثرت برآوردونکی ہو جاتی ہے پس بخشیگری سے مستدعا ہوئی ہے کہ ہر مہینہ کی پندرہ تاریخ تک برآوردین قبل از وقت بخشیگری مین داخل ہو جایا کرین لیکن ایسی صورت مین اس مہینے کے احکام

تعزیرہ موقوفی وغیرہ بہت کم بخشگری پہنچ سکین گے اس لئے صاحبان سکریٹری بہادر کی کثرت آراء سے یہ حکم دیا جاتا ہے کہ طریقہ مروجہ کے موافق پابندی کے ساتھ ہر مہینے کی بیسوین تاریخ اُس ماہ کی برآوردین بخشگری پہنچ جایا کرین اور قبض الوصول پچھلے ماہ کے داخل ہو جایا کرین احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور درج گزٹ ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۵ر جنوری ۱۹۲۶ء

بشمولہ درخواست مساۃ راج دلاری بنت نند کشور بیوہ رتن لال قوم ویش سکنہ محلہ چاہ سوتیان بدرخواست اخراج نام مسمیٰ مہرداس مختار عام خود از مختار کاری۔

یہ درخواست نذر حسین وکیل نے پیش کی حسب استدعائے سائلہ مہرداس مختار عام علیحدہ کیا جائے۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام ضابطہ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم درج گزٹ ہو۔

۱۰ر جنوری ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم
رخصت
۵ر جنوری ۱۹۲۶ء

بشمولہ رپورٹ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت مزید یک ہفتہ کپتان واجد علی خان اے ڈی سی بوجہ علالت برادر موسیٰ الیہ۔

حکم

مزید رخصت ایک ہفتہ منظور رہی۔ احکام ضابطہ جاری ہون

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
رخصت
۱۰ر جنوری ۱۹۲۶ء

بشمولہ تحریر حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت بست یوم سید غلام نقی نائب تحصیلدار بلاسپور بوجہ علالت و ماموری بجائے رخصتی نائب تحصیلدار تا اختتام رخصت منشی خورشید احمد نائب تحصیلدار متعینہ حضور تحصیل۔

حکم

نوٹ حاکم صاحب صدر ملاحظہ ہوا حسب رائے حاکم صدر سید غلام نقی نائب تحصیلدار بلاسپور کی رخصت بیس یوم منظور رہی۔ بیس یوم کے لئے منشی خورشید احمد نائب تحصیلدار متعینہ حضور تحصیل تحصیل بلاسپور بھیجے جاوین۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
موقوفی مختار عام
۶ر جنوری ۱۹۲۶ء

بشمولہ رپورٹ رجسٹرار صاحب صدر دربارہ تصدیق درخواست مساۃ محمودی بیگم بنت بخش اللہ خان ساکن موضع رجپورہ وارد حال محلہ ستون سنگ متعلقہ موقوفی مسمے واجد علی ولد اسد علی از کار مختار عامی۔

حکم

مساۃ محمودی بیگم بنت بخش اللہ خان نے مسمیٰ واجد علی ولد اسد علی مختار عام کو مختار کاری سے علیحدہ کر دیا ہے۔ رجسٹرار صدر نے درخواست گزرانیدہ مساۃ مذکورہ کی تصدیق کر لی ہے۔ لہذا حکم درج گزٹ کیا جائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۱۱ لغایت ۱۷ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

نام جنس	تحصیل حضور	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۲ ۱۰ ار			۱۵ ار	۱۵ ار	۱۵ ار	
نخود خالص	۱۰۱۲ ار			۱۰۱۲ ار	۱۰۶ ار	۱۰۱۵ ار	
نخود کت آمیز	۱۰۱۲ ار			۱۲ ار	۰	۱۰۶ ار	
کسمہ	۱۲ ار			۱۰۱۲ ار	۰	۷ ار	
ماش	۱۵ ار			۱۰۱۵ ار	۱۰۵ ار	۱۵ ار	
مونگ	۵ ار			۰	۰	۱۵ ار	
مکا	۶ ار			۱۰۷ ار	۱۰۱۲ ار	۰	
جئی	۸ ار			۸ ار	۰	۹ ار	
گوجئی	۱۲ ار			۱۰۷ ار	۰	۷ ار	
عدس	۱۰۵ ار			۰	۰	۶ ار	
ارہر	۰			۰	۰	۸ ار	
برنج	۱۰۶ ار			۱۰۵ ار	۰	۵	
روغن زرد	۲ چھٹانک			۲ چھٹانک	۲ چھٹانک	۲ چھٹانک	
روغن سیاہ	۱۰۱ ار			۱ ۲ ار	۱ ۲ ار	۱۰۱ ار	
روغن کنجد	۱ ۲ ار			۳ ۲ ار	۰	۱ ار	
نمک سانبھر	۱۲ ار			۱۱ ار	۱۱ ار	۱۲ ار	
نمک لاہوری	۶ ار			۵ ار	۰	۵ ار	
قند سیاہ	۱۰۴ ار			۵ ار	۱۰۵ ار	۵ ار	
باجرہ	۵ ار			۶ ار	۰	۰	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا

نقل روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر پی۔ ڈبلو۔ ڈی۔ و صنعت و حرفت ریاست رامپور واقعہ ۷ ماہ اکتوبر سنہ ۱۹۲۵ء

روئداد جلسہ جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ منعقدہ ۲۰ ستمبر سنہ ۱۹۲۵ء پیش ہو کر ملاحظہ ہوئی۔ ریزولیوشن ۱ کے متعلق حکم ہوا کہ پیشی میں ہے اور بوقت فرصت ملاحظہ کرایا جاوے دفعہ ۲ کے متعلق میونسپل افسر صاحب سے مفصل دریافت ہوا کہ روغنگی جو بوقت حدود میونسپلٹی میں داخل ہوتا ہے اور سو وقت محصول لیا جاتا ہے یا کیا صورت ہے اور گودام حضرت نور سوداگر کا حدود میونسپلٹی کے اندر ہے یا نہیں۔ نسبت تجویز ۳ منظوری دی گئی۔ لہٰذا۔

حکم ہوا کہ

اصل ہذا مع روئداد منسلکہ خدمت میں میونسپل افسر صاحب کے بغرض تعمیل مرسل ہو اور نقل ہذا مع نقل روئداد بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاوے صدر کو بغرض تعمیل مرسل ہو۔ فقط

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

[illegible]	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
		مولوی محمد ذکی صاحب	صاحب میونسپل سکریٹری	۱۔ صاحبزادہ سید قدرت علیخاں صاحب بہادر ۲۔ صاحبزادہ سید ولی ظفر خاں صاحب بہادر ۳۔ مولوی محمد ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر ۴۔ بابو شیام بہاری لال صاحب ۵۔ مولوی محمد یعقوب صاحب ۶۔ ڈاکٹر اسعد علیخان صاحب	۱۔ مولوی عبدالرزاق خاں صاحب ۲۔ قسیم خاں صاحب ۳۔ عطاء اللہ خاں صاحب ۴۔ ساہو شیو چرن صاحب ۵۔ ساہو کمن لال صاحب ۶۔ ساہو بنارسی داس صاحب ۷۔ مولوی اعجاز حسین صاحب ۸۔ ساہو اندر پرشاد صاحب ۹۔ ماسٹر مرزا بشارت احمد صاحب ۱۰۔ لیاقت علی خاں صاحب ۱۱۔ ساہو لچھمی نرائن صاحب ۱۲۔ حکیم محمد نصر اللہ خاں صاحب			

[illegible]	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
۱	فرائض سب کمیٹی مال و حفظان صحت و فرائض ہیلتھ افسر صاحب مجوزہ میونسپل سکریٹری صاحب بموجب دفعات مندرجہ بجٹ - (فرائض سب کمیٹی مال و چنگی) ۵۷ - سالانہ آمدنی و خرچ کے بجٹ کی ترتیب ۵۸ - بجٹ منظور شدہ سے مختلف مدات کے لئے تعین رقم کرنا - ۵۹ - جملہ مصارف مطابق بجٹ منظور شدہ کی جانچ ۶۰ - قبل پیشی بورڈ حساب ماہواری کی جانچ ۶۱ - ماسوائے محکمہ چنگی دیگر تحصیل کنندگان رقم کی جانچ - ۶۲ - اسٹاک و رجسٹر اسٹاک کی جانچ ۶۳ - جو امورات اُس سے اخذ کیے جائیں انکو باظہار رائے خود بورڈ مین پیش کرنا - ۶۴ - وقتاً فوقتاً چونگیات کے کام کی جانچ ۶۵ - زرخانہ کی جانچ اور انکا نظرگاہ عام پر آویزاں ہونے کا انتظام - ۶۶ - اِس امر کی جانچ کرنا کہ ملازمان چنگی بموجب ہدایت و عملدرآمد قانون چنگی اپنے اپنے فرائض انجام دیتے ہین یا نہین - ۶۷ - خفیہ طور پر مال کے نکلنے کا بندوبست اور جانچ کا کافی بندوبست ہے یا نہین - ۶۸ - قانون دیسی پر حسب قاعدہ عملدرآمد					۱۳ - عبدالقادر خان صاحب ۱۴ - مبارک علی خان صاحب ۱۵ - حکیم الطاف علی خان صاحب	۱	آج موجودہ فرائض و اختیارات جنرل کمیٹی و کمیشن تعیرات و مال و حفظان صحت و ہیلتھ ڈپارٹمنٹ مرتبہ میونسپل سکریٹری صاحب بعد تحریرات ممبران میونسپل بورڈ پیش ہوکر فرائض و اختیارات جنرل کمیٹی و سب کمیٹی تعیرات و سب کمیٹی مال و چنگی و سب کمیٹی حفظان صحت و فرائض ہیلتھ افسر صاحب کی ۱۲۹ دفعات مین بہت دیر تک مباحثہ ہونے کے بعد بالاتفاق یہ تجویز ہوئی کہ دفعات (۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۸ و ۹ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ و ۱۴ و ۱۶ و ۱۷ و ۱۸ و ۱۹ و ۲۰ و ۲۱ و ۲۲ و ۲۳ و ۲۴ و ۲۵ و ۲۶ و ۲۷ و ۳۰ و ۳۱ و ۳۲ و ۳۳ و ۳۴ و ۳۶ و ۳۸ و ۳۹ و ۴۰ و ۴۱ و ۴۲ و ۴۳ و ۴۴ و ۴۵ و ۴۶ و ۴۷ و ۴۸ و ۴۹ و ۵۰ و ۵۱ و ۵۲ و ۵۳ و ۵۶ و ۵۸ و ۵۹ و ۶۰ و ۶۱ و ۶۲ و ۶۳ و ۶۴ و ۶۵ و ۶۶ و ۶۸ و ۶۹ و ۷۰ و ۷۱ و ۷۳ و ۷۵ و ۷۶ و ۷۷ و ۸۱ و ۸۲ و ۸۳ و ۸۴ و ۸۶ و ۸۸ و ۸۹ و ۹۰ و ۹۱ و ۹۲ و ۹۳ و ۹۴ و ۹۵ و ۹۶ و ۹۷ و ۹۸ و ۹۹ و ۱۰۰ ۱۰۱ و ۱۰۲ و ۱۰۳ و ۱۰۴ و ۱۰۵ و ۱۰۶ و ۱۰۷ و ۱۰۸ و ۱۱۱ و ۱۱۲ و ۱۱۳ و ۱۱۴ و ۱۱۵ و ۱۱۶ و ۱۱۷ و ۱۱۸ و ۱۲۰ و ۱۲۱ و ۱۲۲ و ۱۲۳ و ۱۲۴ و ۱۲۵ و ۱۲۶ و ۱۲۷ و ۱۲۸ و ۱۲۹) قابل نفاذ ہین اور دفعات (۱۰ و ۱۱ و ۱۵ و ۲۸ و ۲۹ و ۳۲ و ۳۳ و ۳۴ و ۳۵ و ۳۷ و ۵۵ و ۵۷ و ۶۷ و ۷۲ و ۷۴ و ۷۸ و ۸۵ و ۸۷ و ۱۰۹ و ۱۱۰ و ۱۱۹) تھوڑی ترمیم کے ساتھ جو خارج	

[illegible]	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
	ہو رہا ہے مالک مال کو احکام مجریہ سے پریشانی تو نہیں ہوتی اور وہ مانع ترقی تجارت تو نہیں ہے۔ ۶۹۔ جو مال زیر نگرانی رکھا جاتا ہے اس کی کافی حفاظت ہوتی ہے یا نہیں۔ ۷۰۔ دفتر صدر کے جانچ کرکے یہ محسوس کرنا کہ آیا گوشوارہ و نقشہ جات و رجسٹر وغیرہ کے ٹھیک ہوتے ہیں یا نہیں۔ ۷۱۔ سو روپیہ سے ڈہائی سو روپیہ تک کی منظوری دینا۔ ۷۲۔ ڈہائی سو روپیہ تک کے مال کی منظوری دینا ۷۳۔ جملہ املاک میونسپلٹی سالانہ کرایہ پر دینا بعد منظوری جنرل کمیٹی دینا۔ ۷۴۔ نرخنامہ ماہواری کی منظوری دینا۔ ۷۵۔ میونسپل سکریٹری کے فیصلوں کے اپیل کی سماعت کرنا۔ ۷۶۔ کسی خلاف ورزی معاملات چنگی یا ٹھیکہ جات املاک میونسپلٹی و تہہ بازاری پر پچاس روپیہ جرمانہ کرنے کا اختیار دس روپیہ جرمانہ کرنیکا اختیار اور دس روپیہ سے زائد کی منظوری حاصل کرنے کا اختیار۔ ۷۷۔ کسی ٹھیکہ کے ختم کرنے یا کسی شرح محصول یا تہہ بازاری کے تغیر تبدل کا بعد حصول منظوری جنرل کمیٹی اختیار۔ ۷۸۔ [illegible] اکہ شکرم و تانگہ و جرائم متعلقہ کے انسداد کا انتظام۔ فرائض سب کمیٹی حفظان صحت ۷۹۔ جملہ ملازمان متعلقہ کے حسب ہدایت						مسودہ سرخی سے کی گئی ہے قابل نفاذ ہیں اور دفعات ۔ ۷، ۱۹، ۲۲، ۳۰، ۳۴، ۳۵، ۳۶، ۵ ۶۲، ۶۴، ۷۱، ۷۵، ۹۴، ۹۸، ۹۴، ۱۰۹ قابل اخراج ہیں اور دفعات جدیدہ جو سرخی سے درج فارم مسودہ ہوئے ہیں ضرور قابل ایزادی اور اجرا ہیں جملہ دفعات میں تغیر و تبدل ہونے کے سبب سے نمبران میں تفاوت ہو گیا ہے جو سرخی سے فارم مسودہ میں ٹھیک ہونے پر بجائے ۱۲۹ دفعات کے ۱۱۱ دفعات قابل نفاذ ہیں ان دفعات پاس شدہ کی منظوری عطا فرمائی جائے باُمید صدور حکم با اجلاس جناب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تجارت پیش ہو۔	

[illegible]	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
	عملہ آمدنی اپنے فرائض بخوبی انجام دیتے رہتے ہیں یا نہیں جانچ کرنا۔ ۸۰ - خشی ملازمان میونسپل اسٹاف کے متعلق تجویز کرنا کہ خشی ملازمان کی کہاں کہاں ضرورت ہے یا کمی۔ ۸۱ - ادویات متعلقہ حفظان صحت کے خرید کر اسٹاک رکھنا۔ ۸۲ - تعمیرات متعلقہ حفظان صحت مثلاً ڈرینیں پیشاب گھر کوڑا گاڑی صفائی پاخانہ متعلقہ حفظان صحت کی کہ درست ہے یا نہیں جانچ کرنا۔ ۸۳ - بورڈ کو معاملات حفظان صحت میں رائے دینا ۸۴ - سو روپیہ سے ڈھائی سو روپیہ تک کے خرچ کی منظوری دینا۔ ۸۵ - کسی خلاف ورزی احکام حفظان صحت کے عدم تعمیل یا کسی دوسری صورت میں جرمانہ کرنا جس کی مقدار دس روپیہ تک ہو سکتی ہے اور زائد دس روپیہ بعد حصول منظوری جنرل کمیٹی کرنے کا اختیار یا انتخاب شدہ تشخیص ممبران کے اجلاس میں چالان کرنے کا اختیار ۸۶ - میونسپل سکریٹری کے فیصلوں کا اپیل کا سماعت کرنا۔ فرائض متعلقہ افسر صاحب ۸۷ - متعلقہ افسروں کی کہ جو جانور ذبح کیا جائیگا وہ تندرست ہے یا نہیں۔ ۸۸ - جس گائے کے پیٹ میں بچہ ہو وہ ذبح نہیں ہونا چاہئے جہاں تک ممکن ہو ذبح نہیں ہونا چاہئے بحالت خلاف ورزی کسی قصاب کے شکایت ہونے پر دو روپیہ جرمانہ سب کمیٹی							

[illegible]	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
	حفظانِ صحت سے ہوگا اور اس سے زائد بعد حصول منظوری جنرل کمیٹی ہوسکے گا۔ ۸۹۔ پھیپھڑی و تھن وغیرہ کی جانچ کی جائے کہ اُس کے اندر سوبرکلوسس کا مادہ ۹۰۔ تھنوں میں کسی قسم کے کیڑے یا جرم تو نہیں ہیں ۹۱۔ اسسٹنٹ کو سمجھا دینا چاہیے کہ مندرجہ بالا چار امور کا لحاظ رکھے۔ ۹۲۔ زیادہ لاغر و بیمار جانور کو ذبح کیے جانے سے انکار کر دینا چاہیے۔ ۹۳۔ مذبح کا چبوترہ ذبح کے کام ختم ہونے کے بعد خوب اچھی طرح دھلوا کر صاف کر دیا جائے عام گوبر و دیگر قسم کے سقطات اچھی طرح سے صاف کر دیے جائیں اور دیکھ لیا جائے کہ اس جگہ بدبو تو نہیں رہی ہے۔ ۹۴۔ حسب ہدایت مذکورہ بالا بکری کا مذبح ہفتہ میں ایک دفعہ دیکھ لیا جائے ۹۵۔ دفتر کا کام ہسپتال میں انجام دے۔ ۹۶۔ دوپہر میں اور صبح میں جب کسی قسم کا دفتر کا کام نہیں ہو تو ہیلتھ افسر ذیل کے فرائض کو بجا لائے ۹۷۔ ہیلتھ افسر جمع کیے ہوئے کوڑوں کے برتن کو دیکھیں کہ وقت مقررہ پر صاف کر دیا جائے اگر کوئی کوڑے کا برتن وقت مقررہ پر بھرا ہوا پایا جائے تو وہ جمعدار کو حکم دیں کہ اسکی صفائی کر دی جائے۔ اور اسی روز رپورٹ داخل کرے کوڑوں کے برتنوں کی تعداد حسب تجویز و مشورہ ہیلتھ افسر صاحب کافی تعداد میں فراہم ہونی ۹۸۔ بدروں و نالوں میں اگر کوڑا ہو اور گندہ پانی ہو تو دھلوا کر صاف کر دیے جائیں اور جمعدار کو اس قسم							

نمبر	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	تجویزات کمیٹی	[illegible]
	انجام دہی کیلئے ذمہ دار بنا دیا جائے۔ اور رپورٹ داخل کرے۔ ۹۹۔ مردہ جانور بچی ہوئی چیزیں انسان کا غلیظ و کتوں کا غلیظ جو سڑکوں پر ہو فوراً اٹھوا دیا جائے جمعدار اسے اٹھوانے کے بعد رپورٹ داخل کرے۔ ۱۰۰۔ عوام الناس اپنے بدرو اور موریوں اور پیشاب خانوں کو دھلوا کر صاف و تعفن سے بری کریں۔ ۱۰۱۔ غلیظ کو ڈاک گاڑیوں یا بوروں میں اچھی طرح ڈھک کر علیحدہ کرا دیا جائے اور سڑک پر نہیں گرے ۱۰۲۔ اس ڈیپارٹمنٹ میں منفصلہ ذیل ڈیپارٹمنٹ شامل ہیں۔ ۱۰۳۔ شہر کا پانی وغیرہ نکالنے کا انتظام۔ ۱۰۴۔ شہر کا کوڑا جمع کرانا اور پھکوانا۔ ۱۰۵۔ پیدائش اور موت کا رجسٹر۔ ۱۰۶۔ متعدی امراض۔ ۱۰۷۔ کارخانوں اور تجارت گاہوں کا معائنہ اور انتظام۔ ۱۰۸۔ غربا کو طبی سہولتیں بہم پہنچانا۔ ۱۰۹۔ مردوں کے دفن کرنے کا انتظام۔ ۱۱۰۔ دریاؤں اور کوئیں وغیرہ کا انتظام۔ ۱۱۱۔ ان تمام امور سے پوری واقفیت حاصل کرنا جن کا صحت پر مضر اثر ہو سکتا ہے۔ ۱۱۲۔ امراض پھیلنے کی وجوہات دریافت کرنا اور یہ معلوم کرنا کہ آیا یہ مرض دور ہو سکتے ہیں یا نہیں ۱۱۳۔ متعدی امراض کے متعلق انتظامات۔ ۱۱۴۔ صحت عامہ کے متعلق تمام ضروری انتظامات کرنا۔						

[illegible]	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسمائے ممبران ملازم سرکار	اسمائے ممبران پبلک	تجویزات کمیٹی	[illegible]
	۱۱۵- محکمۂ صفائی کے ملازمون کے کامون کی نگرانی اور اوس کی خرابیون کے متعلق نوٹ تحریر کرنا۔ ۱۱۶- پبلک کے متعلق حفظان صحت کی تفتیش کرنا اور انتظام۔ ۱۱۷- قواعد حفظان صحت کے خلاف ورزی کرنے والون کو نوٹس دینا اور مقدمات کی پیروی کرنا۔ ۱۱۸- پبلک کی اُن شکایت کی تفتیش اور انتظام کرنا جو محکمۂ صفائی کے ملازمین نہین کرسکتے ہین۔ ۱۱۹- اُن مکانات کا معائنہ جن مین پاخانے کا مناسب انتظام نہین ہے یا جن کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ ۱۲۰- اُن اصطبل یا دیگر مقامات کا معائنہ کرنا جہان جانور رکھے جاتے ہین۔ اور جن کی میونسپلٹی نے اجازت دی ہو اور جو اجازت چاہتے ہون۔ ۱۲۱- اُن مکانات کا معائنہ کرنا جہان کوئی متعدی امراض ہوگئے ہون۔ ۱۲۲- کھانے کی دکانات کا معائنہ و نیز ایسے مقامات کا جہان دودھ گھی و دیگر اشیاء ضروری رکھی جاتی ہون۔ ۱۲۳- ایسے مقامات کا معائنہ و انتظام کرنا جہان کوڑہ وغیرہ ڈالا جاتا ہو۔ ۱۲۴- اشیاء خوردنی و نوشیدنی کا معائنہ اور ایسی اشیا کو تلف کرنا جو مضر صحت ہوسکتی ہو ۱۲۵- پبلک کے واسطے پاخانہ و پیشاب خانہ						

نمبر شمار	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک		تجویزات	[illegible]
	مناسب مقامات پر بنوانا اور ان کی صفائی کا انتظام کرنا ۱۲۶ - ہیلتھ ڈپارٹمنٹ کی کاڈیون اور بیلون کا معائنہ جو لیکٹ ہیو ٹیلٹی کی ہین - یکہ - شکرم - تانگہ - ریلہ - گاڈی کے جانورون کا معائنہ کرنا اور انکا جانچ کرنا - ۱۲۷ - کارخانون وغیرہ کا معائنہ کرنا اور یہ دیکھنا کہ ایا یہ مضر صحت تو نہین ہین - ۱۲۸ - آفس کا کام - ۱۲۹ - ادویات بازاری کی جانچ کرنا - اور خراب ہونیکی حالت مین انکا تلف کرا دینا یا جرمانہ کی تحریک کرنا -							
۲	مثل تصفیہ محصول نکاسی روغن گل پیش شدہ جنرل کمیٹی ۱۵ مئی ۱۹۲۵ء					۲	آج یہ مثل جلسہ کمیٹی ہذا پیش ہوئی تجویز جلسہ جنرل کمیٹی منعقدہ ۱۵ مئی ۱۹۲۵ء تمام و کمال سنے گئے تجویز کمیٹی ۱۵ مئی ۱۹۲۵ء مفصل و مناسب ہے جس مین سرکاری مفاد متصور ہے بالاتفاق تجویز ہوئی کہ تجویز کمیٹی ۱۵ مئی ۱۹۲۵ء کی منظوری ہو جانا چاہئے - بامید صدور حکم باجلاس جناب سکریٹری صاحب بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت پیش ہو -	ایضاً
۳	درخواست محلہ داران متصل ہائے اسکول بشکایت آبادی کنجران					۳	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ متصل ہائے اسکول قوم کنجران ایک مدت سے آباد ہین شکایت محلہ داران پر کنجرون کو کافی طور پر ہدایت کردیجائے کہ مردہ و بدبودار جانورون کو لا کر اپنے مکانات و دکانات مین نہ رکھین اور جمعدار و سپاہی حلقہ کو ذمہ دار کردیا جائے کہ وقتاً فوقتاً نگرانی کرتے رہین آئندہ شکایت پر انتظام کیا جائیگا فی الحال سکونت علیحدہ کرانا مناسب نہین ہے	[illegible]

[illegible]	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
۴	مسل شمول آراضی ۱۲ فٹ مکان عبدالحکیم خان ولد یسین خان سکنہ پہاڑی دروازہ					۴	عبدالحکیم خان ولد یسین خان سکنہ محلہ پہاڑی دروازہ نے ۱۲ فٹ آراضی راستہ چبوترہ نمبر ۲ مین بلا حصول اجازت شامل کر لی ہے جس کے متعلق جعفر علیخان عرف سدن خان عذردار ہین تحقیقات شمول مسل سے آراضی مذکورہ کا شامل پایا جاتا ہے تھوڑی سی آراضی ہے اور کوچہ غیر نافذہ ہے مگر بلا حصول اجازت آراضی راستہ و بلا رضامندی شامل کرنا خلاف قانون میونسپلٹی ہے بالاتفاق تجویز ہوئی کہ مبلغ چار روپیہ نذرانہ تعمیر چبوترہ عبدالحکیم خان سے وصول کر کے سیاہہ کرادی جائین۔ اور دس روپیہ تاوان بلا حصول اجازت کے غفلت مین عبدالحکیم خان سے قابل وصول ہین بعد وصول رقم نذرانہ و تاوان کاغذات لایق داخل دفتر ہین اور مسل برآمدہ محافظ خانہ واپس ہونیکے لایق ہے۔ باجلاس جناب سکریٹری صاحب بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت پیش ہو۔	ایضاً